**01.03.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ مہتاب عالم

**Music**

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں NXT کانکلیو 2025 سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ورک فورس کو عالمی قوت میں تبدیل کرکے، دنیا کا ایک نیا کارخانہ بن رہا ہے۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ اِس سال کے مرکزی بجٹ کا مقصد زرعی شعبے کو اور زیادہ مستحکم اور خوشحال بنانا ہے۔ انہوں نے نئی دلّی میں زراعت اور دیہی خوشحالی سے متعلق بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے ورچوئل طریقے سے خطاب کیا۔

☆ مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کے موثر استعمال کے سبب عوام سے وصول کئے گئے ٹیکس کا اب زیادہ بہتر طریقے سے بندوبست کیا جارہا ہے۔

☆ اتراکھنڈ کے چمولی ضلعے کے Mana گاؤں میں بچاؤ اور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ 49 ورکروں کو بچا لیا گیا ہے، جبکہ باقی 6 لاپتہ افراد کی تلاش جاری ہے۔

☆ اور ICC کرکٹ میں، آج کراچی میں گروپ بی کے فائنل میچ میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-NXT CONCLAVE**

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے کہا کہ دنیا، اکیسویں صدی کے بھارت کو دیکھنے کی منتظر ہے۔ آج نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں NXT کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ دنیا بھر کے لوگ بھارت کو جاننے کیلئے ملک آنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ایک ایسا ملک ہے، جہاں ہر طرف مثبت خبریں لگاتار بن رہی ہیں، نہ کہ ہر دن نئے واقعات رونما ہونے کی صورت میں خبریں بنائی جاتی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ آیوش مصنوعات اور یوگا، لوکل سے گلوبل بن گئے ہیں۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ دہائیوں سے بھارت کو دنیا کی جانب سے اُن کا Back آفس قرار دیا جاتا تھا، لیکن اب بھارت دنیا کا نیا کارخانہ بن گیا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بھارت اب صرف ورک فورس نہ رہ کر ورلڈ فورس بن رہا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ وہ اشیاء جو پہلے درآمد کی جاتی تھیں، اب مقامی طور پر تیار ہورہی ہیں اور ملک ان مصنوعات کا برآمداتی مرکز بن کر اُبھر رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ مقامی بازاروں تک محدود رہے کسان، اب اپنی فصلوں کو عالمی منڈیوں میں پہنچتے ہوئے دیکھ رہے ہیں۔ وزیراعظم نے مقررہ اہداف کو حاصل کرنے کا سہرا، 'کم سے کم حکومت- زیادہ سے زیادہ حکمرانی' کے منتر کو دیا۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت، لامتناہی اختراعات کی سرزمین بن رہا ہے۔ قومی تعلیمی پالیسی 2020 پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ بھارت کے نوجوان ہماری اولین ترجیح ہیں اور نئی قومی تعلیمی نے ان طلباء کو درسی کتابوں سے آگے سوچنے کا موقع فراہم کیا ہے۔×

## PM-AGRICULTURE WEBINAR

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اِس سال کے مرکزی بجٹ کا مقصد زرعی شعبے کو اور زیادہ مستحکم اور خوشحال بنانا ہے۔ زراعت اور دیہی خوشحالی سے متعلق بجٹ کے بعد کے ایک ویبینار سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ ایک ترقی یافتہ بھارت کے نشانے کی جانب پیش قدمی کرنے کا ، بھارت کا عزم بہت واضح ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایک ایسے بھارت کی تعمیر کیلئے ایک ساتھ مل کر کام کررہے ہیں، جہاں کسان خوشحال اور بااختیار ہوں۔ جناب مودی نے کہا کہ ہم لوگ دو اہم نشانے ، زراعت کے شعبے کی ترقی اور گاؤں کی خوشحالی کی جانب بڑھ رہے ہیں۔

وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت نے مرکزی بجٹ کے تحت پی ایم Dhan Dhanya کرشی یوجنا کا اعلان کیا ہے، جس کا مقصد ملک میں سب سے کم زرعی پیداوار والے 100 اضلاع کی ترقی پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔

## HM-MANIPUR MEETING

وزیر داخلہ امت شاہ نئی دلّی میں منی پور میں سکیورٹی صورتحال سے متعلق میٹنگ کی صدارت کررہے ہیں۔ میٹنگ میں منی پور کے گورنر اجے کمار بھلاّ، داخلہ سکریٹری گووِند موہن، انٹیلیجنس بیورو کے ڈائریکٹر تپن کمار Deka اور دیگر سینئر اہلکار بھی حصہ لے رہے ہیں۔ منی پور میں گزشتہ ماہ صدر راج نافذ کئے جانے کے بعد اس طرح کی یہ پہلی میٹنگ ہے۔×

## SITHARAMAN-ACOUNTS DAY

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ٹیکنالوجی کو مؤثر طور پر بروئے کار لانے سے عوام سے وصول کئے جانے والے ٹیکس کا اب زیادہ بہتر طریقے سے استعمال ہورہا ہے۔ محترمہ سیتارمن نے آج نئی دلّی میں 49 ویں Civil اکاؤنٹس دن تقریبات کے دوران اپنے خطاب میں یہ بات کہی۔ پبلک فائنانشیل مینجمنٹ سسٹم، PFMS کی ستائش کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ اُس نے حکومت کی ڈیجیٹل انڈیا پہل کو کافی تعاون کیا ہے، جس سے شہریوں کو حکومتی

خدمات کو، الیکٹرانک طریقے سے یقینی بنایا جاسکا ہے۔

**UTTARKHAND RESCUE**

اتراکھنڈ کے چمولی ضلع کے Mana گاؤں میں بچاؤ ٓاور امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ اب تک 49 ورکروں کو بچا لیا گیا ہے، جبکہ باقی 6 ورکروں کا پتہ لگانے کی کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی ، جوشی مٹھ جارہے ہیں، جہاں وہ بچاؤ کارروائیوں کا جائزہ لیں گے اور ضروری ہدایات جاری کریں گے۔ اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی نے ، وزیر اعلیٰ دھامی سے بچاؤ اور امدادی کارروائیوں کے سلسلے میں فون پر بات چیت کی۔ انہوں نے ریاست میں موسم کی صورتحال کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی۔ بات چیت کے دوران وزیر اعظم نے یقین دلایا کہ مرکزی سرکار کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہر ممکن امداد فراہم کرے گی۔ کل صبح بڑے پیانے پر برف کے تودے گرنے سے 55 ورکرز پھنس گئے تھے، جس کے بعد چیلنج بھری صورتحال میں وسیع بچاؤ کارروائیاں شروع کی گئی ہیں۔ x

**NADDA PATEL-JAN AUSHADHI**

صحت، خاندانی بہبود ، کیمیکلز اور فرٹیلائزر کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈا نے صحت اور خاندانی بہبود، کیمیکلز اور فرٹیلائزر کی وزیر مملکت انوپریا پٹیل کے ساتھ آج نئی دلّی میں پردھان منتری بھارتیہ جَن اوشدھی Pariyojana کے رَتھ اور 10 دیگر موٹر گاڑیوں کو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ آج سے 7 مارچ تک جَن اوشدھی جَن چیتنا سپتاہ منایا جارہا ہے۔ اِس مہینے کی سات تاریخ کو جَن اوشدھی دِوس منایا جائے گا۔ اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے، جناب نڈا نے ہر ایک سے زور دے کر کہا کہ وہ پردھان منتری بھارتیہ جَن اوشدھی Pariyojana کو ایک عوامی تحریک بنائیں۔ وزیر موصوف نے لوگوں سے کہا کہ وہ اِس بارے میں اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو بتائیں تا کہ وہ بھی اِس یوجنا سے مستفیض ہوسکیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ کم قیمت پر لوگوں کو دوائیں فراہم کرے اور حکومت نے اپنی یہ ذمہ داری پوری کی ہے۔

اس موقع پر محترمہ انوپریا پٹیل نے کہا کہ دوا سازی کے محکمے کے ذریعے جَن اوشدھی جَن چیتنا سپتاہ کا اہتمام کیا جارہا ہے، جس کے تحت عوامی بیداری کیلئے بہت سی سرگرمیاں انجام دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ 2014 سے پہلے ملک میں محض 80 جَن اوشدھی کیندر تھے لیکن اب یہ تعداد 15 ہزار سے زیادہ ہو گئی ہے۔x

**J&K BUDGET SISSION**

جموں و کشمیر میں کانگریس پارٹی نے جموں و کشمیر اسمبلی کے بجٹ اجلاس سے قبل جموں میں دو مارچ کو اپنی مقنّنہ پارٹی کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ ایک مراسلے میں پارٹی کے چیف Whip اور باندی پورہ سے MLA نظام الدین بھٹ نے تمام

MLAs کو اتوار کے روز جموں میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ہونے والی میٹنگ میں شریک ہونے کو کہا ہے۔ نیشنل کانفرنس نے بھی اپنی مقنّنہ پارٹی کی میٹنگ بلائی ہے، جو جموں میں وزارت روڈ پر وزیر اعلیٰ کی سرکاری رہائش گاہ پر منعقد ہوگی۔ دریں اثناء، کانگریس کی قیادت نے کہا ہے کہ انہیں نیشنل کانفرنس کی طرف سے حکمراں اتحاد کے لیجسلیچروں کی مشترکہ میٹنگ کے بارے میں کوئی باضابطہ طور سے اطلاع نہیں دی گئی ہے۔ x

## RUBIO-TRUMP ZELENSKY

امریکی وزیر خارجہ مارکو Rubio نے کہا ہے کہ یوکرین کے صدر Volodymyr زیلنسکی کو اوول آفس میں صدر ٹرمپ کے ساتھ ہوئی گرما گرم بحث پر معافی مانگنی چاہیے۔ Rubio نے یہ بیان وہائٹ ہاؤس میں زیلنسکی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور نائب صدر Vance کے درمیان ہوئی لفظی جھڑپ کے بعد دیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیر خارجہ Rubio نے کہا کہ زیلنسکی کو اتنا مخالف بننے کی کوئی ضرورت نہیں تھی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ٹرمپ تنازع کو ختم کرنا چاہتے ہیں اور روس کو مذاکرات کی میز پر لانا چاہتے ہیں۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نائب صدر J.D Vance اور یوکرین کے صدر Volodymyr زیلنسکی کے درمیان کل رات وہائٹ ہاؤس کے اوول آفس میں زبردست لفظی جھڑپ ہوگئی تھی۔ یہ بحث اس وقت شروع ہوئی جب صدر ٹرمپ نے صحافیوں سے یہ کہا کہ صدر زیلنسکی، روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے ایک طرح کی نفرت کرتے ہیں، جس سے امریکہ کو روس کے ساتھ کسی سمجھوتے تک پہنچنے میں مشکلات پیش آرہی ہیں۔ جواب میں زیلنسکی نے صدر ٹرمپ سے کہا کہ جنگ کے مسئلے کا حل نکالنے کے معاملے میں پوتن کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جانا چاہیۓ۔ اس کے بعد صدر ٹرمپ نے زیلنسکی پر لاکھوں لوگوں کی جان کو خطرے میں ڈالنے کا الزام لگایا اور انہیں انتباہ دیتے ہوئے کہا کہ ان کی کارروائیاں، تیسری عالمی جنگ کی وجہ بن سکتی ہیں۔ اس کے جواب میں زیلنسکی امریکہ کے ساتھ اہم معدنیات سے متعلق سمجھوتے پر دستخط کئے بغیر وہائٹ ہاؤس سے اچانک نکل گئے۔ اہم معدنیات سے متعلق اس سمجھوتے پر ٹرمپ نے کافی زور دیا تھا اور اسے یوکرین کو امداد جاری رکھنے سے مشروط کیا تھا۔x

## CHAMPION TROPHY-CRICKET

ICC کرکٹ میں، آج کراچی میں گروپ بی کے فائنل میچ میں جنوبی افریقہ کا مقابلہ انگلینڈ سے ہوگا۔ جنوبی افریقہ اگر اس میچ میں جیت حاصل کرے گا یا برابری پر ختم کرلیتا ہے تو وہ سیمی فائنلز میں پہنچ جائے گا۔ البتہ انگلینڈ اگر جنوبی افریقہ سے 207 یا اس سے زیادہ رنوں سے ہار جاتا ہے تو افغانستان سیمی فائنلز میں پہنچ سکتا ہے۔x

## PAKISTAN BLAST

پاکستان کے خیبر پختونخواہ صوبے میں کل جمعہ کی نماز کے دوران ایک خودکُش بم دھماکے میں ایک سرکردہ عالم تین اور 6 نمازی ہلاک ہو گئے۔ اِس واقعے میں 18 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ یہ واقعہ رمضان کے مقدس مہینے سے پہلے پیش آیا ہے۔ خیبر پختون خواہ کے چیف سکریٹری شہاب علی شاہ نے تصدیق کی ہے کہ اِس حادثے میں جمعیت العلمائے اسلام کے سربراہ اور نوشیرا ضلع میں اکوڑا کھٹک کے مدرسہ حقانیہ کے منتظم حمید الحق حقّانی جاں بحق ہوگئے ہیں۔×

## DUBAI OPEN TENNIS-FINAL

ٹینس میں، بھارتی کھلاڑی Yuki Bhambri اور اُن کے آسٹریلیائی جوڑی دار Alexei Popyrin دبئی چمپئن شپ میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ غیردرجہ بندی والی اس بھارتی-آسٹریلیائی جوڑی نے کل سیمی فائنل میں برطانیہ کے Jamie Murray اور آسٹریلیا کے John Peers کی جوڑی کو چھ-دو، چار-چھ، دس-سات سے شکست دی۔ Bhambri کا یہ پہلا ATP-500 فائنل ہے۔ اس جیت نے بھامبری کو ATP ڈبلزدرجہ بندی میں اُن کے کیریئر کے اب تک کے سب سے بلند مقام، 41 ویں درجے تک پہنچادیا ہے۔ آج شام فائنل میں Bhambri اور Popyrin کا مقابلہ برطانیہ کے Henry Patten اور فن لینڈ کے Harri Heliovaara کی جوڑی سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 6 بجے شروع ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆